# پریس ریلیز

## ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

29 اپریل 2020

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) سیکشن 35A کے تحت ہدایات
## ’’دی نیڈس آف لائف کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر

دی نیڈس آف لائف کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو ریزروبینک نے اپنے 26 اکتوبر 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر 19/ D-3/12.22.163/2018 کے ذریعہ 29 اکتوبر 2018 کو کام کے اوقات کے بعد سے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو پچھلی بار اپنے 16 اکتوبر 2019 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر 2019-20/ D-31/12.22.160/2019 کے ذریعہ نظرثانی کی شرط کے ساتھ 29 اپریل 2020 تک بڑھادیا گیا تھا۔

2. اب عوام کی جانکاری کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی ذیلی سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ 26 اکتوبر 2018 کی ڈائریکٹو نمبر ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی آئی نمبر 19/ D-3/12.22.163/2018 جو ’’دی نیڈس آف لائف کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی کو جاری کی گئی تھی اور اس کی ویلیڈٹی میں 29 اپریل 2020 تک توسیع کردی گئی تھی، ان ہدایات میں مزید 6 ماہ کیلئے توسیع کی جاتی ہے اور یہ اس بینک پر لاگو رہیں گی۔ یہ 30 اپریل 2020 سے 31 اکتوبر 2020 تک توسیع ریزروبینک نے اپنے 24 اپریل 2020 کی ڈائریکٹو نمبر ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر 2019-2020/ D-76/12.22.160/2019 کے ذریعہ نظرثانی کی شرط کے ساتھ کی ہے۔

3. حوالہ جات ڈائریکٹو کی سبھی شرائط ویسے ہی رہیں گی۔ ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ مندرجہ بالا ڈائریکٹو نمبر ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر۔ D-76/12.22.160/2019-2020 مورخہ 24 اپریل 2020 جس میں توسیع کا ذکر کیا گیا ہے کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھ دی جائے۔

4. مندرجہ بالا توسیع /اور یا ترمیمات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا اس بینک کی مالیاتی حالت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

**یوگیش دیال**
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/2286